PAPER CODE - 6021

گیارہویں کلاس 12018

DGK-11-18-G1

اردو لازمی ' گروپ پہلا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1- سرسید دوستوں کو زندگی کا سمجھتے تھے — (A) عنصر (B) سہارا (C) تحفہ (D) حصہ

2- قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتنی کتابیں تھیں ؟ — (A) ایک لاکھ (B) ایک لاکھ سے زائد (C) دو لاکھ سے زائد (D) تین لاکھ سے زائد

3- اچھن کس کا انتظار کر رہی تھی ؟ — (A) باپ (B) بہن (C) بھائی (D) ماں

4- لڑکا کیا لینے گیا تھا ؟ — (A) پانی (B) دودھ (C) تیل (D) جوس

5- حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا ؟ — (A) رضیہ (B) رفیعہ (C) نصیبہ (D) سکینہ

6- کسی ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا ' کہلاتا ہے — (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) تشبیہ

7- جس چیز کو تشبیہ دی جائے ' اسے کہتے ہیں — (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) غرض تشبیہ

8- مشترک خوبی کی بنیاد پر کسی چیز کو ہو بہو دوسری چیز قرار دینا ' کہلاتا ہے — (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

9- " خدا ترا بت ناداں دراز سن تو کرے " مصرع مثال ہے — (A) مستعار لہٗ کی (B) مستعار منہٗ کی (C) استعارہ کی (D) مجاز مرسل کی

10- تلمیح کس زبان کا لفظ ہے ؟ — (A) اردو (B) فارسی (C) ہندی (D) عربی

11- کونسا الفاظ کا گروپ قافیہ ہیں ؟ — (A) صحرا ' جنگل (B) رہتا ' بہتا (C) زرد ' سرخ (D) ثابت ' سیارہ

12- مقطع کی پہچان — (A) پہلا شعر (B) آخری شعر (C) حاصل غزل شعر (D) تخلص اور آخری شعر

13- ردیف آئے گی — (A) قافیے کے بعد (B) مصرع اولیٰ میں (C) بیت الغزل میں (D) کسی بھی مصرعے میں

14- مطلع آتا ہے — (A) نظم میں (B) ترکیب بند میں (C) غزل میں (D) بیت میں

15- دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ اور ہم ردیف ہونا ضروری ہے — (A) غزل کے لئے (B) نظم کے لئے (C) مقطع کے لئے (D) مطلع کے لئے

16- کنویں کا پانی ________ ہے — (A) کھارا (B) کھاری (C) کھاریں (D) کھارے

17- بارش ہو ________ ہے — (A) رہا (B) رہو (C) رہے (D) رہی

18- اس نے حلف ________ — (A) لیا (B) لی (C) لئے (D) لایا

19- عمارہ کو اردو نہیں ________ — (A) آتا (B) آتے (C) آتی (D) آیا

20- اسلم نے شراب ________ — (A) پیے (B) پیا (C) پی (D) پیو

Parhlopakistan.com



D.G.K

DGK-G1-11-18

گیارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ، گروپ پہلا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

| | |
|---|---|
| گھٹاؤں کی نیلی فام پریاں افق پہ دھو میں مچا رہی ہیں | ہواؤں میں تھرتھرا رہی ہیں فضاؤں کو گدگدا رہی ہیں |
| یہ مینہ کے قطرے مچل رہے ہیں کہ ننھے سیارے ڈھل رہے ہیں | افق سے موتی ابل رہے ہیں گھٹائیں موتی لٹا رہی ہیں |

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

| | |
|---|---|
| یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے | ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے |
| پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا | زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے |
| ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا | تمام عمر رفوگر رہے رفو کرتے |

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) عفو و اغماض ان کی سرشت میں داخل تھا گران کی ابتدائی روک ٹوک اور حسن ترتیب سے یہ تمام ملکات ان کی طبیعت میں اور زیادہ راسخ ہو گئے تھے ۔ نیک اور عاقل ماں نے بیٹے کے دل میں یہ بات ڈالی تھی کہ سب سے بہتر تو یہ ہے کہ بروں کی برائی سے بالکل درگزر کی جائے اور اگر بدلہ ہی لینے کا خیال ہو تو اس بڑے اور زبردست انتقام لینے والے کے انصاف پر چھوڑ دینا چاہیے

(ب) شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت ' دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں ۔ بالا خانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے ' سونے جاگنے ' جینے مرنے کا محل ہے ' اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی ۔ کہیں لگن ' کہیں چلمچی کہیں اگالدان رکھ دیا ۔ قلمدان ' کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے ۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں ۔ کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا ۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) سفارش (ب) کیا واقعی دنیا گول ہے ؟

۵۔ حفیظ جالندھری کی نظم " ہلال استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

۶۔ دو خواتین کے درمیان " اشیائے خورد و نوش کی مہنگائی " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

ایک تفریحی سفر کی روداد قلم بند کیجیے

۷۔ ڈپٹی کمشنر کے نام حصول ملازمت کی درخواست تحریر کیجیے ۱۰

۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے نیز مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے ۱۰ = ۲+۸

پست معیار تعلیم کی کئی وجوہات ہیں ۔ سب سے بڑی وجہ ناقص منصوبہ بندی ہے ۔ نام نہاد ترقی پسندی کے سبب ہر تحصیل اور قصبہ میں کالج تو کھل گیا ۔ لیکن کالج بے شمار مسائل سے دوچار ہیں ۔ مثلاً عمارت کا فقدان ' اساتذہ کی کمی ' رہائش کے مسائل ' تجربہ گاہوں کی کمی ' ہال اور ہوسٹل سے محرومی وغیرہ ۔ مذکورہ مسائل کے سبب نوجوان نسل کا نقصان ہو رہا ہے اور تعلیمی معیار بھی گرتا چلا جا رہا ہے ۔



D.G-12

ParhloPakistan.com